## ایم کیوایم کے ذمہ داران وکارکنان بلوچستان کے زلزلہ زدگان کی حتی المقدور مدد کریں۔الطاف حسین

## مصیبت زدہ لوگوں اور دکھی انسانیت کی خدمت ہی اصل عبادت ہے

## ایم کیوایم بلوچستان کے ذمہ داروں، کارکنوں اور کراچی سے پہنچنے والی امدادی ٹیم کے ارکان سے ٹیلی فون پر گفتگو

لندن۔۔۔یکم نومبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے بلوچستان میں زلزلہ زدگان کیلئے امدادی سرگرمیوں میں مصروف ایم کیوایم کے ذمہ داروں اور کارکنوں کوخراج تحسین پیش کیا ہے۔ جناب الطاف حسین نے بلوچستان کے دارالحکومت کوئٹہ میں ایم کیوایم بلوچستان کے ذمہ داروں، کارکنوں اور زلزلہ زدگان کی امداد کیلئے کراچی سے پہنچنے والی امدادی ٹیم کے ارکان سے ٹیلی فون پر گفتگو کی۔ جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کے ذمہ داروں اور کارکنوں سے امدادی سرگرمیوں کی تفصیلات معلوم کیں اوران سے کہا کہ آپ اپنی جانوں کوخطرے میں ڈال کرزلزلہ کے متاثرین کیلئے جس طرح رات دن امدادی سرگرمیوں میں مصروف ہیں وہ قابل تعریف ہے۔انہوں نے کہا کہ مصیبت زدہ لوگوں اوردکھی انسانیت کی خدمت ہی اصل عبادت ہے اور جولوگ یہ عبادت کرتے ہیں وہی اللہ تعالیٰ کو پسند ہیں۔ جناب الطاف حسین نے کراچی سے جانے والی ایم کیوایم کی امدادی ٹیم کے تمام ارکان، میڈیکل ایڈ کمیٹی کے ڈاکٹروں، پیرامیڈیکل اور بلوچستان کے تمام ذمہ داروں اور کارکنوں سے کہا کہ وہ مصیبت زدہ زلزلہ زدگان کی امداد میں کوئی کسر نہ چھوڑیں اوران کی حتی المقدور مدد کریں۔

## ایم کیوایم کے ہمدرد ناصر عبداللہ کے بہنوئی کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار تعزیت

لندن۔۔۔یکم، نومبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ٹریفک حادثے میں ایم کیوایم سوسائٹی سیکٹر کے ہمدرد ناصر عبداللہ کے بہنوئی عبیداللہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔ (آمین) دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے بھی ناصر عبداللہ کے بہنوئی عبیداللہ کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے اور سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کی ہے۔

## خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے بلوچستان زلزلہ زدگان کیلئے امدادی سامان کی چوتھی کھیپ روانہ کردی گئی

## امدادی سامان دوکنٹینروں کے ذریعے بھیجا گیا جن کی مالیت لاکھوں روپے ہے

کراچی۔۔۔یکم، نومبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پرزلزلہ زدگان کی امداد وبحالی کیلئے ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے جمعہ اور ہفتے کی درمیانی شب لاکھوں روپے مالیت کی امدادی اشیاء پر مشتمل دوکنٹینرز کی چوتھی بڑی کھیپ بلوچستان روانہ کردی گئی ہے۔امدادی سامان کی چوتھی کھیپ ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن شعیب احمد بخاری کی نگرانی میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکزی دفتر واقع فیڈرل بی ایریا سے روانہ کی گئی۔امدادی اشیاء پر مشتمل کنٹینروں میں بھاری مقدار میں آٹا، چاول، دالیں، گھی شکر، چائے کی پتی، خشک دودھ، نمک اور مصالحہ جات کے پیکٹوں کے علاوہ گرم ملبوسات، خیمے، کمبل، لحاف، چادریں، صابن، ٹوتھ پیسٹ، برتن اور جان بچانے والی ادویات شامل ہیں۔ واضح رہے کہ خدمت خلق فاؤنڈیشن جانب سے اب تک مجموعی طور پر دوکروڑ روپے سے زائد مالیت کی امدادی اشیاء زلزلہ سے متاثرہ افراد کی امداد کیلئے بلوچستان بھیجی جاچکی ہے۔

## آئل اینڈ گیس ڈولپمنٹ کارپوریشن کے نمائندہ وفد کی ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی سے ملاقات

## آئل اینڈ گیس ڈولپمنٹ کارپوریشن کی نجکاری کے فیصلے پرنظر ثانی کی جائے،حق پرست ارکان قومی اسمبلی

کراچی۔۔۔یکم نومبر، 2008ء۔۔۔آئل اینڈ گیس ڈولپمنٹ کارپوریشن کے بارہ رکنی نمائندہ وفد نے قادر پورگیس فیلڈ کی سی بی اے یونین کے صدر چوہدری محمد اکرم کی سربراہی میں بدھ کے روز خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن شاہد لطیف سے ملاقات کی اورانہیں قومی ادارے کی نجکاری اور ملازمین کے مسائل سے تفصیلی آگاہ کیا۔او جی ڈی سی کے وفد میں کوآرڈی نیشن سیکریٹری اعجاز عالم، نائب صدر کراچی ریجن زاہد بھٹو، جوائنٹ سیکریٹری قادر پورگیس

فیلڈ جاوید قریشی ، جوائنٹ سیکریٹری کندآئل فیلڈ فاروق اورعمیراور عابد کے علاوہ دیگر شامل تھے ۔ اس موقع پرحق پرست رکن قومی اسمبلی خواجہ اظہار الحسن بھی موجود تھے ۔وفد کے ارکان نے بتایا آئل اینڈ گیس ڈویلپمنٹ کارپوریشن منافع بخش ادارہ ہے جسکی شاخیں ملک کے چاروں صوبوں میں تیزی کام کررہی ہیں تاہم بیوروکریسی اس قومی ادارے کی نجکاری کرنے کے گھناؤنی سازش کررہی ہے جسکے باعث ادارے کے ملازمین میں گہری تشویش پائی جارہی ہے اورانہیں اپناروزگار خطرے میں محسوس ہو رہاہے ۔انہوں نے مزید کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین واحدلیڈر ہیں جنہوں نے غریب محنت کشوں کے جائزحقوق کیلئے نہ صرف آواز اٹھائی بلکہ محنت کشوں کا ساتھ بھی دیاہے ۔اس موقع پرشاہدلطیف نے وفد کے ارکان کی گذاشات کوغور سے سنااورانہیں ایم کیوایم کی جانب سے ہرممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی ۔دریں اثناءایم کیوایم کےحق پرست اراکین قومی اسمبلی نے اپنے مشترکہ بیان میں آئل اینڈ گیس ڈویلپمنٹ کارپوریشن کی نجکاری کے فیصلے پر گہری تشویش کا اظہارکیا ۔انہوں نے صدرآصف علی زرداری، وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ قومی ادارے کی نجکاری کا فیصلہ نظرثانی کی جائے اورادارے کے محنت کشوں میں پائی جانے والی بے چینی کے خاتمہ کیلئے ٹھوس اورمثبت اقدامات بروئے کارلائے جائیں ۔

## بلوچستان کے زلزلہ زدگان کیلئے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی سرگرمیاں قابل تعریف ہیں

## خدمت خلق فاؤنڈیشن میں امدادی اشیاءاور عطیات جمع کرانے والے افراد کے تاثرات

کراچی ۔۔۔یکم ،نومبر 2008ء ۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کےصدر دفتر میں بلوچستان کے زلزلہ متاثرین کیلئے قائم کئے گئے امدادی کیمپ میں امدادی اشیاء جمع کرانے کا سلسلہ جاری ہے اورشہریوں بالخصوص مخیّر حضرات کی جانب زلزلہ سے متاثرہ بھائیوں کی امداد کیلئے بھرپورتعاون کیا جارہاہے ۔زلزلہ زدگان کیلئے خدمت خلق فاؤنڈیشن کےصدر دفتر میں امدادی سرگرمیوں کے باعث چہل پہل دکھائی دے رہی ہےلوگ بڑی تعداد میں امدادی اشیاءجمع کرارہے ہیں ۔ایم کیوایم کے کارکنان اورخدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کارامدادی سامان کی چھانٹی ، پیکنگ اورپھران امدادی اشیاءکوٹرکوں میں لوڈ کرنے میں دن رات مصروف ہیں ۔ خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکزی دفتر میں امدادی اشیاءجمع کرانے والےشہریوں نے اپنے جذبات کا اظہارکرتے ہوئے کہا کہ صوبہ سرحداورآزادکشمیر کے زلزلہ متاثرین کی طرح بلوچستان میں بھی زلزلہ سے متاثرہ افراد کیلئے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی امدادی سرگرمیاں قابل تعریف ہیں ۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم بلاامتیاز وتفریق عوام کی خدمت کا دعویٰ ہی نہیں کرتی بلکہ اس پرعمل بھی کرتی ہے ۔انہوں نے کہا کہ خلق خدا کی خدمت کرناسب سے بڑی عبادت ہےاورایم کیوایم دکھی انسانیت کی خدمت عبادت سمجھ کرادا کررہی ہے ۔

## ایم کیوایم پاک کالونی سیکٹرکمیٹی کے رکن احمدحسین شہیداورکارکن محمدفرحان شہید کی فاتحہ سوئم

کراچی ۔۔۔یکم ،نومبر 2008ء ۔۔۔ناظم آباد میں مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سےشہید ہونیوالے متحدہ قومی موومنٹ پاک کالونی سیکٹرکمیٹی کے رکن احمدحسین شہیداور کارکن محمدفرحان شہید کی فاتحہ سوئم گزشتہ روز مصطفی مسجد پاک کالونی میں ہوئی جس میں شہداء کی ارواح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی گئی اورشہداء کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا۔سوئم کے اجتماع میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن اشفاق منگی،حق پرست صوبائی وزراءعبدالرؤف صدیقی ،عبدالحسیب،شیخ محمد افضل( خالدعمر)،ارکان قومی وصوبائی اسمبلی ڈاکٹرعبدالقادرخانزادہ،خواجہ سہیل،سابق ارکان اسمبلی،ٹاؤن ناظمین، یوسی ناظمین،کونسلرز کراچی تنظیمی کمیٹی کے ارکان،علاقائی سیکٹرزویونٹوں کے ذمہ داران،کارکنان، ہمدردوں اورشہداء کےعزیزواقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی ۔

## آسٹریلیاں یونٹ کے زیراہتمام سانحہ 31اکتوبر کے شہداء کی برسی کے موقع پرقرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی گئی

آسٹریلیا ۔۔۔یکم ،نومبر 2008ء ۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ آسٹریلیا یونٹ کے زیراہتمام سانحہ 31،اکتوبر 1986ءسہراب گوٹھ ومارکیٹ چوک حیدرآباد کے شہداء کی 22ویں برسی کے سلسلے میں شہداء کی ارواح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کا انعقاد کیا گیا جس میں ایم کیوایم آسٹریلیا کے آرگنائزرافروز شاہین، جوائنٹ آرگنائزرتنویرمہدی رضوی کے علاوہ مختلف یونٹوں کے ذمہ داران وکارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی ۔قرآن خوانی کے اختتام پرسانحہ 31،اکتوبرسہراب گوٹھ سمیت

تمام حق پرست شہداء کی ارواح کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی گئی اور شہداء کوزبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا۔

## بلوچستان کی کمیٹی کے رکن اسماعیل لہڑی کا تنظیم کو بنیادی رکنیت سے خارج کردیا گیا

## ایم کیوایم میرپورخاص یونٹ 2ڈی کے کارکن محمد جاوید عرف جیکی غیر معینہ مدت کیلئے معطل

کراچی۔۔۔یکم،نومبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی سنگین خلاف ورزی پر ایم کیوایم بلوچستان کی کمیٹی کے رکن اسماعیل لہڑی ولد بہرام خان لہڑی کو تنظیم کی بنیادی رکنیت سے خارج کردیا ہے۔اسی طرح رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم میرپورخاص زون یونٹ 2ڈی کے کارکن محمد جاوید عرف جیکی ولد محمد رفیق کو تنظیمی نظم وضبط کی خلاف ورزی پر غیر معینہ مدت کیلئے معطل کردیا ہے۔رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کے تمام ذمہ داران وکارکنان کو ہدایت کی ہے کہ وہ مذکورہ بالا افراد سے کوئی تعلق یا رابطہ نہ رکھیں۔

## ایم کیوایم قصبہ علی گڑھ سیکٹر کے بزرگ کارکن کی بیٹی کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔یکم،نومبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم قصبہ علی گڑھ سیکٹر یونٹ 131 کے بزرگ کارکن محمد عیدو کی صاحبزادی محترمہ فاطمہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆